10031-دس فیصد سے زیادہ منافع لینا

سوال

کیا تاجر کو مال پر دس فیصد سے زیادہ منافع لینا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

شرعی طور پر تاجر
کے لیے تجارت میں نفع کی نسبت اور مقدار مقرر نہیں لیکن مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ خریدار کو دھوکہ دے ، اور وہ اسے اس ریٹ پر سواد فروخت کرے جو مارکیٹ میں معروف نہیں ، بلکہ مسلمان کے لیے مشروع ہے کہ وہ نفع میں مہنگائی نہ کرے ، بلکہ اسے خرید و فروخت کرتے وقت نرم اور آسان رویہ اختیار کرنا چاہیے ، اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لین دین میں نرمی برتنے پر ابھارا ہے .